**NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT**
**ORDERS OF THE DAY**

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 14th January, 2025 at 2:00 p.m.

1. *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

2. **MALIK SHAKIR BASHIR AWAN** **MS. NUZHAT SADIQ**
**MS. ASIYA NAZ TANOLI** to invite attention of the Minister for Federal Education and Professional Training to a matter of urgent public importance regarding lack of funds for essential services including transportation for special children and utility payments in the Directorate General of Special Education Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**INTRODUCTION OF BILLS**

3. **SHAZIA MARRI**
**MS. MUNANZA HASSAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Zakat and Ushr Ordinance, 1980 in its application to Islamabad Capital Territory [The Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2025].

4. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

5. **MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill to prohibit the giving, taking or demanding dowry [The Islamabad Capital Territory Dowry Restraint Bill, 2025].

6. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

7. **MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill for ensuring the natural rights and protection of animals [The Islamabad Animal Protection Bill, 2025].

8. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

9. **MS. SEHAR KAMRAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2025].

10. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

11. **SHAZIA MARRI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2025].

12. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

13. **SHAZIA MARRI**
**MR. ABDUL QADIR PATEL** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Qanun-e-Shahadat Order, 1984 [The Qanun-e-Shahadat (Amendment) Bill, 2025].

14. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

15. **MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Islamabad (Preservation and Landscape) Ordinance, 1966 [The Islamabad (Preservation of Landscape) (Amendment) Bill, 2025].

**16.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**17. MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 [The Pakistan Environmental Protection (Amendment) Bill, 2025].

**18.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**19. DR. NAFISA SHAH** to move for leave to introduce a Bill to provide for the Corporate Social Responsibility in Profit-making Companies [The Corporate Social Responsibility Bill, 2025].

**20.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**21. SAHIBZADA SIBGHATULLAH** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025].

**22.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## MOTION

**23. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 27), till today be condoned. (Moved by Ms. Aliya Kamran, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**24. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 27).

## MOTION

**25. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 51, 59, 106), till today be condoned. (Moved by Mr. Noor Alam Khan, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**26. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 51, 59, 106).

## MOTION

**27. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 177. 193, 208), till today be condoned. (Moved by Mr. Noor Alam Khan, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

28. **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 177, 193, 208).

## MOTION

29. **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 184), till today be condoned. (Moved by Mr. Noor Alam Khan, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

30. **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article 184).

## MOTION

31. **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to repeal the Contempt of Court Ordinance, 2003 (V of 2003) [The Contempt of Court (Repeal) Bill, 2024], till today be condoned. (Moved by Mr. Noor Alam Khan, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

32. **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice to present the report of the Standing Committee on the Bill to repeal the Contempt of Court Ordinance, 2003 (V of 2003) [The Contempt of Court (Repeal) Bill, 2024].

## LEGISLATIVE BUSINESS

33. **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

34. **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], be passed.

35. **SHEIKH AFTAB AHMED**
**MR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY** to move that the Bill to provide for the establishment of Wapda University, Islamabad [The Wapda University, Islamabad Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendment entered in a separate list to be moved)**

36. **SHEIKH AFTAB AHMED**
**MR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY** to move that the Bill to provide for the establishment of Wapda University, Islamabad [The Wapda University, Islamabad Bill, 2024], be passed.

37. **SYED KHURSHEED AHMED SHAH** to move that the Bill to provide for the establishment of the South City Institute of Health Education [The South City Institute of Health Education Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendment entered in a separate list to be moved)**

**38. SYED KHURSHEED AHMED SHAH** to move that the Bill to provide for the establishment of the South City Institute of Health Education [The South City Institute of Health Education Bill, 2024], be passed.

**39. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move that the Bill to establish the Nexus International University of Health Emerging Sciences and Technologies, Islamabad [The Nexus International University of Health Emerging Sciences and Technologies, Islamabad Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendment entered in a separate list to be moved)**

**40. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move that the Bill to establish the Nexus International University of Health Emerging Sciences and Technologies, Islamabad [The Nexus International University of Health Emerging Sciences and Technologies, Islamabad Bill, 2024], be passed.

## AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**41. SYED RAFIULLAH** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**(1) Amendment in Rule 2 of the Rules of Procedure.**- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 2.-

(1) in the definition of "Minister", the expression "**or a Parliamentary Secretary in respect of any function delegated or entrusted to him by a Minister", shall be omitted.**

(2) after the definition of "Parliament House", the following new definition, shall be inserted, namely.-

"**Parliamentary Secretary**" refers to a member appointed in respect of any parliamentary functions assigned, delegated, or entrusted exclusively by the Minister of the ministry or division to which the **Parliamentary Secretary** is appointed."

**(2) Insertion of new Rules in the Rules of Procedure.**- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, after rule 39B, the following news rules shall be inserted, namely.-

"**39C.** The Cabinet shall collectively be responsible to the National Assembly, in accordance with Clause (6) of Article 91 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan;

**39D.** The Minister shall assume primary responsibility for the disposal of business pertaining to his or her portfolio; and

**39E.** In cases of emergency, and with the prior approval of the Speaker, the Parliamentary Secretary may be allowed to assume the parliamentary functions of the Minister of the respective ministry or division, subject to prior intimation to the National Assembly".

**(3) Amendment in Rule 247 of the Rules of Procedure.**- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 247, in sub-rule (3) for the full stop a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shallbe added at the end namely:-

"Provided that the notice of a Parliamentary Secretary shall only lapse in respect of the ministry or division to which the Parliamentary Secretary is appointed."

**42. SYED RAFIULLAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**43. SYED RAFIULLAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

**44. MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

(1) **Amendment in Rule 5 of the Rules of Procedure.**- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 5, in the proviso for the full stop at the end a colon, shall be substituted and thereafter the following second proviso, shall be added namely.-

> "Provided further that when attention of the chair is drawn towards non-availability of the quorum by any member, no member can leave the House till the decision of the chairperson with regard to the quorum is taken.".

**45. MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**46. MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**47. SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide inexpensive and speedy justice to the citizen across the country."

**48. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps for uninterrupted supply of Gas to the public across the country and especially in Islamabad Capital Territory area."

**49. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to reduce the excessive taxation on electricity in order to provide relief to the consumers."

**50. MS. SHAHIDA REHMANI** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to abolish tax imposed on the contraceptive medicines and materials."

**51. SHAIBZADA SIBGHATULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide natural gas to Upper Dir (Khyber Pakhtunkhwa)."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**52. SHAZIA MARRI** to move the following motion:-

"This House may discuss difficulties faced by the internet users due to slow internet speed in the country."

**53. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following motion:-

"This House may discuss the Cholistan Canal Project."

**54. MR. AHMED SALEEM SIDDIQUI** to move the following motion:-

"This House may discuss the Hajj policy of the Government."

**55. SYED RAFIULLAH** to move the following motion:-

"This House may discuss the situation arising out of increase in the prices of electricity in the country."

**56. MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the quality of services provided in Federal Government Hospital for patients."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

57. Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**58. MS. ALIYA KAMRAN** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding shortage of medical equipment, including essential items like ventilators, testing machines and GeneXpert systems, in PIMS, Islamabad, the Federal Government Polyclinic, Islamabad and other federally administered hospitals, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**13th January, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۱۴ جنوری، ۲۰۲۵ء کو دوپہر دو بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **ملک شاکر بشیر اعوان** **محترمہ نزہت صادق** **محترمہ آسیہ ناز تنولی** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپیشل ایجوکیشن، اسلام آباد میں خصوصی بچوں کے لئے ٹرانسپورٹ اور یوٹیلیٹی ادائیگیوں سمیت ضروری خدمات کے لئے فنڈز کی کمی سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۳۔ **شازیہ مری** **محترمہ منزہ حسن** تحریک پیش کریں گی کہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ کی حد تک اس کے اطلاق میں زکوٰۃ و عشر آرڈیننس، ۱۹۸۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [زکوٰۃ و عشر (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۵۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** تحریک پیش کریں گی کہ جہیز دینے، وصول کرنے یا اس کا مطالبہ کرنے کی ممانعت کا بل [اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ جہیز کی ممانعت بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۷۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** تحریک پیش کریں گی کہ حیوانات کے فطری حقوق اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے احکامات وضع کرنے کا بل [اسلام آباد تحفظ حیوانات بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۹۔ **محترمہ سحر کامران** تحریک پیش کریں گی کہ قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قومی کمیشن برائے حقوق بچگان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۱۔ **شازیہ مری** تحریک پیش کریں گی کہ کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۳۔ **شازیہ مری** **جناب عبدالقادر پٹیل** تحریک پیش کریں گے کہ فرمان قانون شہادت، ۱۹۸۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قانون شہادت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۵۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ اسلام آباد (تحفظ قدرتی مناظر) آرڈیننس، ۱۹۶۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اسلام آباد (تحفظ قدرتی مناظر) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۷۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ماحولیاتی تحفظ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۹۔ **ڈاکٹر نفیسہ شاہ** تحریک پیش کریں گی کہ منافع بخش کمپنیوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری فراہم کرنے کا بل [کارپوریٹ سماجی ذمہ داری بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۲۱۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۳۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۲۷) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ عالیہ کامران، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۲۴۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۲۷) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۵۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۵۱، ۵۹، ۱۰۶) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب نور عالم خان، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۲۶۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۵۱، ۵۹، ۱۰۶) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۷۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۷۷، ۱۹۳، ۲۰۸) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب نور عالم خان، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۲۸۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۷۷، ۱۹۳، ۲۰۸) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۲۹۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۸۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب نور عالم خان، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۰۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۸۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۳۱۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۰۳ء) کو منسوخ کرنے کے بل [توہین عدالت (تنسیخی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب نور عالم خان، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۳۲۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۰۳ء) کو منسوخ کرنے کے بل [توہین عدالت (تنسیخی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۳۳۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانی بورڈ کے قیام کے بل [بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۴۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانی بورڈ کے قیام کے بل [بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۵۔ **شیخ آفتاب احمد** **جناب طارق فضل چوہدری** تحریک پیش کریں گے کہ واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کا بل [واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترمیم پیش کی جائے گی)**

۳۶۔ **شیخ آفتاب احمد** **جناب طارق فضل چوہدری** تحریک پیش کریں گے کہ واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۷۔ **سید خورشید احمد شاہ** تحریک پیش کریں گے کہ ساؤتھ سٹی ادارہ برائے تعلیم صحت کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [ساؤتھ سٹی ادارہ برائے تعلیم صحت بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترمیم پیش کی جائے گی)**

۳۸۔ **سید خورشید احمد شاہ** تحریک پیش کریں گے کہ ساؤتھ سٹی ادارہ برائے تعلیم صحت کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [ساؤتھ سٹی ادارہ برائے تعلیم صحت بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۹۔ **جناب انجم عقیل خان** تحریک پیش کریں گے کہ نیکسس بین الاقوامی یونیورسٹی برائے جدید علوم صحت و ٹیکنالوجیز، اسلام آباد کے قیام کا بل [نیکسس بین الاقوامی یونیورسٹی برائے جدید علوم صحت و ٹیکنالوجیز، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترمیم پیش کی جائے گی)**

۴۰۔ **جناب انجم عقیل خان** تحریک پیش کریں گے کہ نیکسس بین الاقوامی یونیورسٹی برائے جدید علوم صحت و ٹیکنالوجیز، اسلام آباد کے قیام کا بل [نیکسس بین الاقوامی یونیورسٹی برائے جدید علوم صحت و ٹیکنالوجیز، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۴۱۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:-

(۱) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۲ میں،۔

(۱) ''وزیر'' کی تعریف میں عبارت ''یا وزیر کی جانب سے اسے تفویض کردہ یا سپرد کردہ کسی کام کے ضمن میں پارلیمانی سیکرٹری'' حذف کر دی جائے گی۔

(۲) ''پارلیمنٹ ہاؤس'' کی تعریف کے بعد حسب ذیل نئی تعریف شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''پارلیمانی سیکرٹری'' سے مراد وزارت یا ڈویژن کے وزیر کی جانب سے خصوصی طور پر سپرد کردہ، تفویض کردہ یا حوالے کردہ کسی پارلیمانی فرض منصبی کے ضمن میں تقرر کردہ رکن ہے، جس کے لئے پارلیمانی سیکرٹری کی تقرری کی گئی ہے۔

(۲) **طریق کار کے قواعد میں نئے قواعد کی شمولیت:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، ذیلی قاعدہ (۳۹ب) کے بعد حسب ذیل نئے قواعد شامل کر دیئے جائیں گے، یعنی:۔

''**۳۹/ج۔** کابینہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۹۱ کی شق (۶) کی روشنی میں مجموعی طور پر قومی اسمبلی کو جوابدہ ہو گی؛

**۳۹/د۔** وزیر اپنے عہدہ سے متعلق انصرام کار کو نمٹانے کے لئے بنیادی ذمہ داری سنبھالے گا؛ نیز

**۳۹/ہ۔** ہنگامی صورتحال میں اور اسپیکر کی پیشگی منظوری کے ساتھ قومی اسمبلی کو پیشگی اطلاع سے مشروط پارلیمانی سیکرٹری کو متعلقہ وزارت یا ڈویژن کے پارلیمانی امور ہائے کار سپرد کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔''

(۳) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲۴۷ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں قاعدہ ۲۴۷ کے ذیلی قاعدہ (۳) میں وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد آخر میں حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''مگر شرط یہ ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری کے نوٹس کی میعاد صرف وزارت یا ڈویژن جس کے لئے پارلیمانی سیکرٹری کا تقرر کیا گیا ہے، کے ضمن میں ختم ہو گی۔''

۴۲۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۴۳۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

۴۴۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

(۱) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۵ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۵ میں، جملہ شرطیہ میں آخر پر وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل دوسرے جملہ شرطیہ کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:۔

''مزید شرط یہ ہے کہ اگر کسی رکن کی جانب سے صدر نشین کی توجہ کورم پورا نہ ہونے کی جانب مبذول کروائی جاتی ہے تو کوئی بھی رکن ایوان سے نہیں جا سکتا جب تک کہ چیئرپرسن کورم کے حوالے سے فیصلہ نہ کر لے۔''۔

۴۵۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۴۶۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قراردادیں

۴۷۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک بھر میں شہریوں کو سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۴۸۔ **جناب انجم عقیل خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک بھر میں بالخصوص اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں عوام کو بلا تعطل گیس فراہم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۴۹۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت صارفین کو ریلیف دینے کے لئے بجلی پر لگائے گئے ازحد ٹیکس میں کمی کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۵۰۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت مانع حمل ادویات اور مواد پر عائد کردہ ٹیکس ختم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۵۱۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت دیر بالا (خیبر پختونخوا) کو قدرتی گیس فراہم کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۵۲۔ **شازیہ مری** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔

''یہ ایوان ملک میں انٹرنیٹ کی سست رفتاری کی وجہ سے انٹرنیٹ کے استعمال کنندگان کو درپیش مشکلات پر بحث کرے۔''

۵۳۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔

''یہ ایوان چولستان کینال پراجیکٹ پر بحث کرے۔''

۵۴۔ **جناب احمد سلیم صدیقی** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے :۔

''یہ ایوان حکومت کی حج پالیسی پر بحث کرے۔''

۵۵۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے :۔

''یہ ایوان ملک میں بجلی کی قیمتوں میں اضافے سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔''

۵۶۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔

''یہ ایوان مریضوں کے لئے وفاقی سرکاری ہسپتالوں میں فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار پر بحث کرے۔''

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۵۷۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۵۸۔ **محترمہ عالیہ کامران** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو پمز، اسلام آباد، فیڈرل گورنمنٹ پولی کلینک، اسلام آباد اور وفاق کے زیر انتظام دیگر ہسپتالوں میں ضروری اشیاء مثلاً وینٹیلیٹرز، ٹیسٹنگ مشینوں اور جین ایکسپرٹ سسٹمز سمیت طبّی ساز و سامان کی کمی سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۳ جنوری، ۲۰۲۵ء۔**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**